روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 28 ستمبر 2005ء 23 شعبان 1426 ہجری 28 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 217

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

زندگی کا چشمہ یقین سے ہی نکلتا ہے اور وہ پَر جو آسمان کی طرف اڑاتے ہیں وہ یقین ہی ہے۔ کوشش کرو کہ اس خدا کو تم دیکھ لو جس کی طرف تم نے جانا ہے۔ اور وہ مَرکب یقین ہے جو تمہیں خدا تک پہنچائے گا۔ کس قدر اس کی تیز رفتار ہے کہ وہ روشنی جو سورج سے آتی اور زمین پر پھیلتی ہے وہ بھی اس کی سرعت رفتار کے ساتھ مقابلہ نہیں کرسکتی اے پاکیزگی کے ڈھونڈنے والو اگر تم چاہتے ہو کہ پاک دل بن کر زمین پر چلو اور فرشتے تم سے مصافحہ کریں تو تم یقین کی راہوں کو ڈھونڈو۔ اور اگر تمہیں اس منزل تک ابھی رسائی نہیں تو اس شخص کا دامن پکڑو جس نے یقین کی آنکھ سے اپنے خدا کو دیکھ لیا ہے اور یہ کہ کیونکر یقین کی آنکھ سے خدا کو دیکھا جاوے اس کا جواب کوئی مجھ سے سنے یا نہ سنے مگر میں یہی کہوں گا کہ اس یقین کے حاصل کرنے کا ذریعہ خدا کا زندہ کلام ہے۔ جو زندہ نشان اپنے اندر اور ساتھ رکھتا ہے جب وہ آسمان پر سے اترتا ہے تو نئے سرے مردوں کو قبروں میں سے نکالتا ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ باوجود آنکھوں کے بینا ہونے کے تم آسمانی آفتاب کے محتاج ہو اسی طرح خداشناسی کی بینائی محض اپنی اٹکلوں سے حاصل نہیں ہوسکتی وہ بھی ایک آفتاب کی محتاج ہے اور وہ آفتاب بھی آسمان پر سے اپنی روشنی زمین پر نازل کرتا ہے یعنی خدا کا کلام۔ کوئی معرفت خدا کے کلام کے بغیر کامل نہیں ہو سکتی۔ خدا کا کلام بندہ اور خدا میں ایک دلالہ ہے وہ اترتا ہے اور خدا کا نور اس کے ساتھ ہوتا ہے اور جس پر وہ اپنے پورے کرشمہ اور پوری تجلی اور پوری خدائی عظمت اور قدرت اور برہنہ کرشمہ کے ساتھ اترتا ہے اس کو وہ آسمان پر لے جاتا ہے۔ غرض خدا تک پہنچنے کے لئے بجز خدا تعالیٰ کے کلام کے اور کوئی سبیل نہیں۔

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 ص 474)

کوتاہی نہ کرو

حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ رات کا وقت تھا آپؐ نے چودھویں کے چاند کی طرف دیکھا اور فرمایا۔ تم لوگ اپنے رب کو اسی طرح بلا روک ٹوک دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو۔ اگر تم اس شرف کو حاصل کرنا چاہتے ہو تو فجر اور عصر کی نماز میں کوتاہی نہ کرو۔

(صحیح بخاری کتاب التوحید باب وجوہ یومئذ ناضرۃ حدیث نمبر:6882)

ہاتھ سے کام کرنا ہمارا طرہ امتیاز ہونا چاہئے

❁ حضرت امام جماعت ثانیؓ نے فرمایا:۔

اپنے ہاتھ سے کام کرنا یہ ہمارا طرہ امتیاز ہونا چاہئے۔ جیسے بعض قومیں اپنے اندر بعض خصوصیتیں پیدا کرلیتی ہیں۔ وہ قومیں جو سمندر کے کنارے پر رہتی ہیں۔ وہ نیوی میں بڑی خوشی سے بھرتی ہوتی ہیں۔ لیکن اگر انفنٹری میں بھرتی ہونے کے لئے کہا جائے تو اس کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوں گے۔ اور اگر پنجاب کے لوگوں کو نیوی میں بھرتی ہونے کے لئے کہا جائے تو وہ اس سے بھاگتے ہیں۔ لیکن انفنٹری میں خوشی سے بھرتی ہوتے ہیں۔ یہ صرف عادت کی بات ہے۔ پس ہمارے خدام کو یہ ذہنیت اپنے اندر پیدا کرنی چاہئے کہ یہ مشینوں کا زمانہ ہے اور آئندہ زندگی میں وہ مشینوں پر کام کریں گے اگر کارخانوں میں کام نہ کرسکو تو ابتداء میں لڑکوں میں ان کھیلوں کا ہی رواج ڈالو جن میں لوہے کے پرزوں سے مشینیں بنانی سکھائی جاتی ہیں۔ مثلاً لوہے کے ٹکڑے ملا کر چھوٹے چھوٹے ہل بناتے ہیں۔ پنگھوڑے، ریلیں اور ایسی بعض اور چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ ایسی کھیلوں سے یہ فائدہ ہوگا کہ بچوں کے ذہن انجینئرنگ کی طرف مائل ہوں گے۔''

(مرسلہ: نظارت امور عامہ)

ضرورت سائنس ٹیچرز

مجلس نصرت جہاں کو اپنے تعلیمی اداروں کیلئے خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے مخلص اساتذہ کی ضرورت ہے۔ جو سائنس کے مضامین پڑھا سکیں۔ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی میں ایم ایس سی پاس مخلصین اپنی درخواستیں ضروری کاغذات کے ہمراہ بھجوائیں۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بالائی منزل۔ بیت الاظہار احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 047-6212967

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پیر 3/ اکتوبر 2005ء

12-45 am	عربی سروس
12-55 a.m	لقاءمع العرب
3-00 a.m	بستان وقف نو
4-00 a.m	تعارف
5-00 am	تلاوت ،خبریں
6-20 am	بچوں کا پروگرام
6-50 am	لقاءمع العرب
7-50 am	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
8-20 am	خطبہ جمعہ
9-25 am	تقریر: حضرت مرزا وسیم احمد صاحب
10-20 am	کوئز: روحانی خزائن
11-00 am	تلاوت ،خبریں
12-10 pm	چلڈرنز کلاس
1-15 pm	بچوں کا پروگرام
1-45 pm	فرانسیسی سروس
2-45 pm	انڈونیشین سروس
3-45 pm	چائنیز سروس
4-15 pm	تقریر
5-00 pm	تلاوت ،خبریں
6-15 pm	بنگلہ سروس
7-20 pm	خطبہ جمعہ
8-25 pm	کوئز: روحانی خزائن
9-00 pm	انتخاب سخن
10-20 p.m	فرانسیسی سروس
11-10 pm	بچوں کا پروگرام
11-40 pm	عربی سروس

منگل 4/ اکتوبر 2005ء

12-45 am	لقاءمع العرب
1-55 am	چلڈرنز کلاس
3-05 a.m	تقریر
3-55 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت ،خبریں
6-20 am	بچوں کا پروگرام
6-40 am	لقاءمع العرب
7-50 am	جلسہ سالانہ امریکہ
8-20 am	سوال وجواب
9-30 am	لجنہ میگزین
10-15 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
11-05 am	تلاوت ،خبریں
12-15 pm	بستان وقف نو
1-20 pm	لجنہ میگزین
1-35 pm	بچوں کا پروگرام
2-20 pm	سوال وجواب
3-20 pm	انڈونیشین سروس
4-20 pm	سندھی سروس
5-20 pm	تلاوت ،خبریں
6-35 pm	بنگلہ سروس
7-40 pm	جلسہ سالانہ یو۔کے
9-10 pm	بستان وقف نو
10-15 pm	سوال وجواب
11-15 pm	چلڈرنز کارنر
11-40 pm	عربی سروس

بدھ 5/ اکتوبر 2005ء

12-40 am	لقاءمع العرب
1-40 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
2-25 a.m	بستان وقف نو
3-20 am	جلسہ سالانہ سے حضرت صاحب کا خطاب
5-00 am	تلاوت ،خبریں
6-00 am	درس القرآن
7-40 am	بچوں کا پروگرام
8-15 am	ایم ٹی اے ورائٹی
8-35 am	تلاوت ،درس ،خبریں
9-05 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
9-45 a.m	لقاءمع العرب
11-00 am	تلاوت ،درس ،خبریں
11-55 a.m	خطبہ جمعہ
1-00 pm	ہماری کائنات
1-30 pm	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
2-05 pm	انڈونیشین سروس
3-10 pm	سواحیلی سروس
3-55 p.m	درس القرآن
5-40 pm	تلاوت ،درس ،خبریں
6-35 pm	گفتگو
7-45 pm	بنگلہ سروس
8-50 pm	خطبہ جمعہ
9-50 p.m	تلاوت ،درس ،خبریں
10-10 pm	رمضان پروگرام
10-35 p.m	چلڈرنز کلاس
11-00 p.m	عربی سروس

جمعرات 6/ اکتوبر 2005ء

1-00 a.m	لقاءمع العرب
2-00 a.m	تقاریر جلسہ سالانہ
2-35 a.m	درس القرآن
4-10 a.m	تلاوت
5-00 a.m	تلاوت ،درس ملفوظات ،خبریں

باقی صفحہ 11 پر

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/ امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم منیر احمد صاحب بسمل نائب ناظر اشاعت تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹے مکرم وحید احمد صاحب اور مکرمہ ثوبیہ وحید صاحبہ ملبورن آسٹریلیا کو 25 ستمبر 2005ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام صوفیہ احمد عطا فرمایا ہے۔نومولودہ مکرم محمد اقبال ارشد صاحب آف بہاولپور کی نواسی ہے۔احباب سے نومولودہ کی صحت وسلامتی اور نیک قسمت ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

نکاح

☆مکرم طاہر احمد صاحب کارکن دفتر تحریک جدید وکالت مال ثالث تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم ادریس احمد صاحب انجینئر مقیم لندن کا نکاح ہمراہ مکرمہ عاتکہ اشفاق صاحبہ بنت مکرم خواجہ محمد اشفاق صاحب مغل پورہ لاہور مبلغ چار لاکھ روپے حق مہر پر محترم آصف جاوید چیمہ صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 8جولائی 2005ء کو دارالذکر لاہور میں پڑھایا۔ احباب جماعت سے اس نکاح کے ہر لحاظ سے بابرکت ہونے کے لئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔

ولادت

☆مکرم عاطف محمود صاحب تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے بھائی مکرم ثاقب محمود عاطف صاحب سیکرٹری اشاعت آسٹریلیا کو مورخہ 2دسمبر 2005ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ جو مکرم محمد شریف صاحب صدر جماعت پھلو کی ضلع گوجرانوالہ کا پوتا اور مکرم رانا حبیب الرحمٰن صاحب دارالعلوم غربی حال یو۔کے کا نواسہ ہے۔حضور انور نے ازراہ شفقت نومولود کا نام کاشف محمود انصاری عطا فرمایا ہے۔ بچہ وقف نو میں شامل ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو والدین کے لئے قرۃ العین اور خادم دین بنائے۔

قرار داد تعزیت

بروفات مولوی صدرالدین صاحب کراچی

☆ہم اراکین مجلس عاملہ جماعت احمدیہ کراچی اور صدور حلقہ جات اپنے دیرینہ ساتھی اور جماعت کے انتہائی خدمت گزار خادم مولوی صدر الدین کھوکھر صاحب کی وفات پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔آمین

مولوی صاحب مرحوم کو شعبہ خدمت خلق کے علاوہ طویل عرصہ تک بطور سیکرٹری رشتہ ناطہ جماعت احمدیہ کراچی کی خدمت کی بھی توفیق ملی۔مرکز احمدیت ربوہ اور بعد میں لندن میں بھی انصاراللہ کے اجتماعات اور جلسہ سالانہ کے مواقع پر ضیافت کی خدمت کی توفیق پاتے رہے،اس کے علاوہ آپ نے بے شمار میتوں کی تجہیز وتکفین کی بلکہ بڑی تعداد میں احباب کو اس کام کے لئے تیار بھی کیا۔

ہم اراکین مجلس عاملہ اور صدور محلّہ جات مرحوم کے بھائی، صاحبزادوں ، صاحبزادیوں اور دیگر تمام رشتہ داروں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور اپنی رحمت کی چادر میں ڈھانپ لے آمین۔

(مرسلہ سیکرٹری تصنیف واشاعت کراچی)

ڈاکٹر صاحبان مجلس نصرت جہاں کے تحت مستقل یا عارضی وقف کریں

سیدنا حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 17/ اکتوبر 2003ءمیں فرمایا:۔

''جلسے پر میں نے ڈاکٹروں کو توجہ دلائی تھی کہ ہمارے افریقہ کے ہسپتالوں کیلئے ڈاکٹر مستقل یا عارضی وقف کریں۔اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے حالات بہت بہتر ہیں ۔ وہ دقتیں اور وہ مشکلات بھی نہیں رہیں جو شروع کے واقفین کو پیش آئیں اور اکثر جگہ تو بہت بہتر حالات ہیں اور تمام سہولتیں میسر ہیں اور اگر کچھ تھوڑی بہت مشکلات ہوں بھی تو اس عہد کو سامنے رکھیں کہ محض للہ اپنی خداداد طاقتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچاؤں گا۔آگے آئیں اور (حضرت بانی سلسلہ) سے باندھے ہوئے اس عہد کو پورا کریں اور ان کی دعاؤں کے وارث بنیں۔(روزنامہ الفضل 16فروری 2004ء)

معلومات اور وقف فارم کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کرنے کی درخواست ہے۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار بالائی منزل
احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ۔ربوہ
فون نمبر:047-6212967

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

پروفیسر میاں محمد افضل صاحب

کچھ جھلکیاں۔ کچھ نظارے

حضرت امام جماعت خامس کا کینیڈا میں ورود مسعود

آج جی چاہا کہ قارئین کو کینیڈا لے جاؤں اور کچھ ایسے نظارے دکھاؤں جو شاید آپ نے پہلے نہ دیکھے ہوں۔ مگر کچھ توقف کیجئے، پہلے ایک ضروری بات کہہ لینے دیجیے۔ حضرت بانی سلسلہ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر یہ خبر دی کہ میں تیرے پیغام کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔ یہ بات کئی رنگ میں پوری ہوئی اور ہوتی رہے گی۔ اس کا ایک رنگ میں نے یوں پورے ہوتے دیکھا کہ حضرت امام جماعت خامس کینیڈا میں تشریف لائے تو اس ملک کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک فیض پہنچاتے گئے۔ یعنی وینکوور سے دورہ شروع کیا اور مانٹریال تک دوستوں سے ملتے۔ پیغام پہنچاتے۔ تربیتی امور پہ بات کرتے چلے گئے۔ پھر کسی جگہ جمعہ کا خطبہ دیا۔ کہیں بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھا۔ ملک کے عمائدین اور بڑے آدمیوں سے ملاقاتیں کیں ان سے تبادلہ خیال ہوا۔ یہ تو ہوئے بڑے کام مگر آپ کے یہ بھی مدنظر رہا کہ خود جا کر دوست، احباب سے ملاقات کریں۔ اس لئے آپ شہر بہ شہر، قریہ بہ قریہ پہنچ رہے ہیں۔ ہر ایک کی خیریت دریافت کر رہے ہیں۔ بچے نہال کہ انہیں حضور انور بھی ملے اور چاکلیٹ بھی۔ بڑے بھی خوش کہ مصافحہ بھی ہوا اور معانقہ کا موقع بھی ملا۔ خاندان کے ایک ایک فرد سے تعارف ہو رہا ہے اور ان کے لئے دعا بھی۔ یقیناً ایک تھکا دینے والا روزانہ کا معمول۔ مگر وہ نورانی چہرہ ویسے ہی چمکتا ہوا۔ نہ سفر کی کوفت ہویدا نہ بھرپور دن گزارنے کے باوجود تھکن کے آثار نمایاں۔ وہی تازگی اور بشاشت جو غمگین چہروں پر بھی مسکراہٹ لے آئے۔

آپ نے کینیڈا کے اس دورہ میں چار خانہ خدا کی بنیاد رکھی۔ ہر ایک کا ذکر یقیناً ایمان افروز ہو گا۔ مگر بات لمبی ہو جائے گی اور مجھے یہ بھی اعتراف ہے کہ سب میں شمولیت کا موقعہ نہ ملا۔ اس لئے ایک ہی بات ہو جائے۔ یہ تھی کیلگری شہر میں خانہ خدا کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب۔ تاریخ تھی 18 جون (یعنی ہمارے تصور میں کڑاکے کی گرمی)۔ مگر یہاں تو جغرافیہ ہی بدلا ہوا۔ مگر ٹھہریئے موسم کی بات ابھی رہنے دیں۔ پہلے کچھ تقریب کی بات ہو جائے۔ اور تقریب کے لئے سب سے پہلی بات ٹینٹ یا مارکی لگانا۔ سو ایک روز قبل محترم نسیم مہدی صاحب اور ان کے رفقاء اس مسئلہ پر غور کر رہے ہیں کہ مارکی تو لگ گئی مگر تیز ہوا کا تدارک کیا ہو؟ کیا مارکی اس کے تھپیڑے سہہ سکے گی؟ رات کے دو بج جاتے ہیں اور کوئی قابل عمل حل نہیں سوجھتا۔ حضور سے دعا کی درخواست کی جاتی ہے اور صبح یہ مژدۂ جانفزا لے کر آئی ہے کہ حل مل گیا۔ ایک بزرگ کی دعا نے معجزانہ اثر دکھلایا۔

یہ بیت بن کہاں رہی ہے؟ کافی گنجان کمرشل ایریا، ٹرک قطار اندر قطار کھڑے ہوئے۔ اوپر سے گزرتے ہوائی جہاز، اپنی ہی قسم کا شوریلا گیت گاتے ہوئے۔ بہت نیچی پرواز کرتے ہوئے۔ شاید وہ بھی اس تقریب کو قریب سے دیکھنے کے مشتاق۔ مگر ان کا تو روز کا معمول یہی ہو گا۔ تا آسمان بھی شاہد رہے بیت سے اٹھتی ہوئی دعاؤں کا، آسمان کا ذکر ہو چکا۔ اب زمین کی بات بھی ہو جائے۔ مہمانوں کے لئے ایک بہت بڑی مارکی، جس میں دور دور سے آنے والے احباب اچھی جگہ پانے کو پہنچ رہے ہیں۔ سامنے ایک خوبصورت سٹیج بھی اور بہت بڑی سکرین بھی۔ ایم۔ٹی۔اے مصروف کار۔ مہمان آنے شروع ہوئے تو بارش تیز سے تیز تر ہوتی گئی۔ چھاجوں مینہ برسا۔ سخت گرم موسم میں سردی ہے کہ بڑھتی ہی چلی جا رہی ہے۔ مارکی کے اندر تو اتنا محسوس نہ ہوا۔ لیکن جب تقریب کے اختتام پر باہر نکلنا ہوا تو سردی نے آن لیا۔ چند ہی قدم پر کار کھڑی تھی لیکن ہوا اتنی تیز اور اتنی سرد کہ اس ننھے سے سفر میں میری انگلیاں شل ہو گئیں۔ مہینہ جون کا اور سردی اور وہ بھی غضب کی۔ بارش بھی موسلا دھار اور ہوا بھی اتنی سرد کہ جسم سن ہو جائے۔ مگر موسم کی ''سرد مہری'' کے باوجود مہمان ہیں کہ گرم جوشی دکھلا رہے ہیں۔ آتے ہی چلے جاتے ہیں۔ ان میں انگریز بھی۔ ہندو بھی اور سکھ بھی، مہمانوں کی کرسیاں بھرتی چلی جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ ان کے لئے مزید جگہ تلاش کرنی پڑ رہی ہے۔ غالباً دو صد سے زائد مہمان ہوں گے۔ اتنے ''مہربان'' موسم کے باوجود یہ کیسے ہوا؟ یہ کیونکر ہوا کہ یہ لوگ جن کا جماعت سے کوئی تعلق نہیں وہ ایک جماعتی تقریب میں موسم کی سختی کے باوجود، اس کی نا روائی کے باوجود، کشاں کشاں چلے آ رہے ہیں۔ حتیٰ کہ دو صد کرسیوں پر مہمان ہی مہمان ہیں۔ اپنوں نے تو آنا ہی تھا اور ان کی کرسیوں پر بھی ایک جم غفیر نظر آ رہا ہے۔ مگر اس شدید سرد موسم میں اتنے بہت سے مہمان کیسے آ گئے۔ میں سوچ میں پڑ گیا۔ مگر جلد ہی یہ مسئلہ حل ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے پہلے سے خبر دے رکھی تھی۔ انی معک یا مسرور۔ تو جس کے ساتھ اللہ ہو جس کی تائید و نصرت اللہ تعالیٰ کر رہا ہو۔ کیسے ممکن ہے کہ لوگ کشاں کشاں اس کی طرف کھچے نہ چلے آئیں۔ تو یہ تھا انی معک کا ایمان افروز نظارہ جو ہم نے دیکھا۔ یہ ایک وجود کی کشش تھی جو انہیں اس موسم کے باوجود کھینچ لائی۔ اس تقریب میں شامل کچھ بڑے لوگ بھی تھے۔ گورنر تھے (جو پورے پروٹوکول سے آئے)۔ اس علاقہ کے میئر تھے۔ پارلیمنٹ کے ممبر تھے ایک تو آٹواہ سے (کئی ہزار میل دور سے) تشریف لائے۔ گویا سٹیج بھی اہم مہمانوں سے جگمگاتی ہوئی اور مارکی بھی اپنوں اور غیروں کو موسم کی سنگینی سے پناہ دیئے ہوئے۔ حالات کے پیش نظر سنگ بنیاد کی تقریب میں چند دوست اور چند مہمان ہی (مارکی سے چند قدم پر) شامل ہوئے۔ مگر یہ سب کچھ ایم۔ٹی۔اے کی مدد سے جلسہ گاہ کی بڑی سکرین پر دکھلایا گیا۔ بیت مبارک قادیان کی ایک اینٹ حضور انور نے بنیاد میں رکھی۔ بعض احباب کو بھی اس سعادت میں شریک کیا گیا۔ اس کے بعد حضور نے ہال میں تقریر کی۔ اس سے قبل جمعہ کے روز بھی آپ نے بیوت کے موضوع پر خطاب کیا تھا۔ گورنر اور میئر صاحبان نے بھی جماعت کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب کے آخر میں سب مہمانوں کی مٹھائی سے تواضع کی گئی۔ تقریب تو ختم ہوئی۔ باہر نکلے تو بلا کی سردی۔ مگر دوست ایک جوش ایمانی سے گرمائے ہوئے نکلے تو سردی کی برداشت ممکن ہوئی۔ اللہ کا ایک اور گھر بنتا ہوا اور پھر تصور نے اسے آباد ہوتے ہوئے بھی دیکھا۔ اس جنگل، اس دنیاوی کاروباری علاقہ میں ایک مینار بنے گا۔ ایک انگلی سوئے آسمان اٹھے گی جو یہ اشارہ کر رہی ہوگی کہ دنیا کا کاروبار بھی کرو لیکن دھیان اللہ کی طرف بھی ہو۔ جو کاروبار میں برکت ڈالتا ہے اور جس کے در پہ جھکنا لازم ہے۔ اللہ کرے یہ خانہ خدا ایک روحانی انقلاب، ایک حقیقی انقلاب لانے کا موجب ہو۔

کیلگری سے ایڈمنٹن ہے تو کوئی اڑھائی تین سو کلو میٹر لیکن حضور تو ایک لمبا سفر کاٹ کے، ایک اور جماعت کے افراد سے مل کے یہاں پہنچے۔ استقبال کے لئے چھوٹی بچیاں حمد و ثنا گاتی ہوئیں۔ خدام اللہ اکبر کے نعرے لگاتے ہوئے اور آپ ہاتھ ہلا کے سلام کا جواب دیتے ہوئے، چند منٹ کے لئے اپنی رہائش گاہ میں تشریف لے جاتے ہیں۔ مگر کیسی رہائش گاہ؟ مربی صاحب کا چھوٹا سا گھر۔ کیونکہ کینیڈا کے اس ایک ماہ کے سفر میں حضور نے یہ مثال قائم کی کہ عموماً کسی ہوٹل میں قیام نہیں کیا۔ کتنی سادگی اور بچت!

پہلی بات جو آپ نے اس شہر کے متعلق کہی: ''ایڈمنٹن خوبصورت ہے۔'' دوسری بات بیت میں عبادت سے قبل فرمائی: ایڈمنٹن کی جماعت اور اتنی کم تعداد؟'' عبادت کے بعد ملاقاتوں کی مصروفیت شروع ہوئی۔ کوئی ساٹھ فیملیز سے ملاقات۔ ہر فرد سے تعارف ہو رہا ہے، ہر ایک کی سن رہے ہیں۔ بچے بھی خوش اور بڑے بھی شاد۔ انہی مصروفیات میں رات کے گیارہ بج رہے ہیں لیکن آپ ایڈمنٹن شہر سے مزید تعارف کے لئے ایک چھوٹے سے قافلہ میں چل پڑتے ہیں۔ نہ جانے یہ اللہ والا کب سوتا ہے اور کب تہجد کے لئے اٹھ جاتا ہے۔ دوسرے روز کا معمول بھی کچھ ایسا۔ ایک لمبے سفر پہ نکل رہے ہیں۔ مگر ایڈمنٹن جماعت نے جو 32/ایکڑ کا قطعہ زمین خریدا ہے وہاں افتتاحی دعا کرنی بھی ضروری۔ سو وہاں پہنچ جاتے ہیں۔ شاید اسی دعا کے نتیجہ میں یہ جنگل آباد ہو۔ یہاں سے بھی صدائے حق بلند ہو اب میں کہاں تک آپ کا ہمسفر رہوں۔ میں تو تھک گیا۔ مگر سفر کرنے والے ان تھک۔ میں تو ایک جست میں ٹورانٹو پہنچ جاتا ہوں۔

یہ ہے ٹورانٹو کی مرکزی بیت الذکر جس کے ارد گرد ہے پیس ویلج، ایک ایسی آبادی جس پہ ربوہ کا گماں ہو، تقریباً ہر گھر احمدیوں سے آباد۔ سڑکیں بڑی مانوس کیونکہ کوئی محمود سٹریٹ، طاہر، بشیر، فضل سٹریٹ اور پھر بڑی سڑک احمدیہ ایونیو، جو شاید ہم ربوہ میں نہ کر سکے وہ یہاں ہو گیا۔ سب گھر آباد مگر آج تو یہاں چراغاں ہو رہا۔ ہر گھر چمکتا، دمکتا ہوا، ہر گھر سجا ہوا، روشنیاں ہی روشنیاں، جگمگاتے ہوئے گھر، خوشی سے پھولے نہ سماتے ہوئے لوگ، آنے والے کا استقبال ان کے شایان شان ہو۔ حضور آ رہے ہیں۔ مشتاقان دید احمدیہ ایونیو کے دونوں جانب قطار باندھے ہوئے۔ کسی نے اونچی جگہ سنبھال لی تو کوئی ایڑیاں اونچی کئے ہوئے۔ اشتیاق بھی اور انتظار بھی۔ سارا شہر ہی استقبال کو امڈ آیا۔ اور پھر آپ تشریف لائے۔ دور سے ہی کار سے اتر کر پیدل اس شہر دلنواز میں داخل ہو رہے ہیں۔ وہی تیز رفتاری، وہی شفقت، وہی لبوں پہ مسکراہٹ، فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھتی ہے۔ حضرت بانی سلسلہ کے نمائندے آج پھر اس پیس ویلیج میں۔ اس جائے امن۔ اس سرائے محبت میں سلامتی کا پیغام لئے آن پہنچے۔ لوگ شاداں و فرحاں۔ ہر طرف روشنیوں کا سیلاب۔ فرط مسرت سے جھومتے اور نظمیں گاتے بچے۔ پر جوش نعرے لگاتے ہوئے خدام، خوشی سے مسکراتے انصار اور حضرت مسرور بھی بہت مسرور۔ اللہ انہیں ہمیشہ مسرور رکھے۔

اور اب چلتے ہیں جلسہ کینیڈا کی طرف۔ اس اہم تقریب کی طرف جس کے لئے یہ سب اہتمام۔ ٹورانٹو کی بیت، جو آج سے تیری سال قبل وجود میں آئی۔ اس وقت ایک کشادہ، ایک بڑی بیت معلوم ہوتی تھی۔ مگر آج یہ تنگی داماں کی شکایت کر رہی ہے۔ کبھی مجھے یہ احساس ہوا کہ اتنی بڑی بیت میں اتنے

سارے لوگ کہاں سے آئیں گے۔ مگر آج یہ احساس ابھرا کہ اس میں تو جلسہ کے مہمان نہیں سما سکتے۔ سو مسی ساگا کا رخ کیا گیا۔ وہاں اتنے بڑے ہالوں کا مجموعہ

دیکھ کر میں تو حیران رہ گیا۔ مگر وہ ہزاروں مہمان جو امریکہ کے کونے کونے سے آئے۔ جو پاکستان، ہندوستان، افریقہ اور دوسرے ملکوں سے پہنچے وہ اتنے بڑے حال ہی میں سما سکتے تھے۔ ایک بہت بڑے ہال میں آج سفید چادریں بچھی ہوئیں۔ ارد گرد کرسیاں قطار اندر قطار۔ یہ تو رہی مردانہ جلسہ گاہ۔ خواتین کے لئے بھی ایک اور ہال اور اسی طرح کا انتظام۔ باہر بے شمار کاروں کا اجتماع۔ اندر مہمانوں کا ہجوم۔ ایم۔ ٹی۔ اے مصروف کار۔ ایک نہیں بلکہ دو سٹیج۔ ایک قبلہ رخ جمعہ کے لئے۔ دوسرا جلسہ کے لئے۔ افتتاح خطبہ جمعہ سے ہو رہا ہے۔ ایک پر معارف خطبہ اس روحانی غذا کے بعد جسمانی غذا کی بھی ضرورت۔ اس کا بھی انتظام معقول۔ ایک اور ہال سے اٹھتی ہوئی کھانوں کی خوشبو اپنی طرف بلا رہی ہے۔ میزیں، کرسیاں لذیذ کھانے اور گرم گرم چائے شکم سیری ہوگئی تو واپس آئے جلسہ گاہ میں ابھی مزید تین تقریریں سننی ہوں گی کارروائی ختم ہوئی تو خاوند بیویوں کی تلاش کر رہے ہیں۔ بیویاں خاوندوں کی منتظر۔ اور پھر کاروں کا ایک نہ ختم ہونے والا کارواں اپنی اپنی منزل کی طرف رواں۔

دوسری صبح ہوئی۔ مکانوں کی روشنیاں تو سب بیدار مگر مکیں بھی شب بیدار۔ مرد اور عورتیں رات کے اندھیرے میں تیز تیز قدم اٹھاتے بیت کی طرف رواں دواں۔ تہجد بھی ادا کرنی ہے۔ پھر فجر اور اس کے بعد درس حدیث بھی سننا ہے۔ بیت اہل ایمان سے پُر۔ مگر یوں سمجھئے کہ ہو کا عالم۔ زیر لب درود وسلام مگر یوں معلوم دے کہ ہال سو رہا ہے۔ ہاں نگاہیں ممبر کی طرف اٹھی ہوئیں۔ سب امام کے منتظر اور حضور کی زیارت ہوگئی۔

دوسرے روز پھر جلسہ گاہ کا رخ۔ وقت کی پابندی لازم۔ صبح کے پروگرام میں دو اہم موضوعات پر سیرت حضرت سلمانؓ اور سیرت حضرت مولوی غلام رسول راجیکی صاحب۔ سہ پہر کو خواتین کا ہال جگمگاتا ہوا۔ آج یہاں حضور خواتین سے خطاب کر رہے ہیں مگر مرد بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ آواز مردانہ جلسہ گاہ تک پہنچ رہی ہے۔ لیکن ابھی کارروائی ختم نہیں ہوئی۔ تین مزید تقریریں۔ تیسرے روز کچھ اہم مہمان بھی، اہم سیاسی اور سماجی شخصیات۔ کچھ پہلے اور کچھ حضور کی آمد پہ اظہار خیال کر رہے ہیں۔ ان تقاریر سے مترشح ہوتا ہے کہ جماعت ایک اچھا تاثر دے رہی ہے اور اس میں محترم امیر صاحب کینیڈا کا یقیناً بہت بڑا حصہ ہے۔

آج کچھ جھنڈے نظر آ رہے ہیں۔ یہ علم انعامی ہے جو خدام الاحمدیہ کی اعلیٰ کارکردگی کرنے والی جماعت کو مہمان محترم کے دست مبارک سے دیا جائے گا۔ کچھ نوجوان بھی انعام پا رہے ہیں اپنی اعلیٰ تعلیمی کارکردگی کی بنا پر (لڑکیاں ایک روز قبل اپنے جلسہ گاہ میں یہ انعام پا چکی ہیں) ان نوجوانوں کو اپنی علمی کارکردگی کی داد مل رہی ہے اور حضور کے دست مبارک خوش قسمت ہیں یہ نوجوان۔ اللہ تعالیٰ ان میں سے اور عبدالسلام پیدا کرے۔ آخر میں مہمان گرامی کا خطاب۔ آپ نے اپنے خطبات میں عدل و انصاف پہ زور دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عدل وانصاف کی اعلیٰ مثالیں پیش کیں۔ عورتوں کو پردہ کے صحیح تصور پہ عمل پیرا ہونے کی تلقین کی۔ اور پھر وہ ہاتھ دعا کے لئے اٹھ گئے۔ ہر شخص دست بدعا۔ ہر سر اللہ کے حضور جھکا ہوا۔ دعائیں سوئے آسمان اٹھتی چلی گئیں یقیناً وہ قبولیت کا درجہ پا گئی ہوں گی۔

بات تو لمبی ہوگئی مگر اب بھی ایک موضوع رہ گیا جو یقیناً قارئین کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ یعنی حضور کی مصروفیات۔ آپ کی مصروفیات کا یہ عالم کہ فجر پڑھا رہے ہیں۔ پھر شاید ڈاک منتظر ہے میٹنگوں کا پروگرام، ایک دن میں کئی کئی میٹنگز، ملاقاتیں شروع ہوئیں تو ہوتی چلی گئیں۔ صبح وشام کا یہی عمل۔ آج کے ملاقاتیوں کی ریل پیل ملاحظہ کیجئے۔ آج اس مارکی میں، اس وسیع میدان میں امریکہ سے آئے ہوئے دوست نظر آ رہے ہیں۔ اکثر انگریزی لباس میں ملبوس مگر کچھ اپنے مخصوص لباس پہنے ہوئے بھی۔ کچھ سیاہ فام۔ کچھ سیاہی مائل مگر ان سب کے چہروں سے محبت اور اخلاص ٹپکتا ہوا۔ ایک منور چہرہ کی دید کے مشتاق اور پھر میں نے دیکھا کہ ایک لائن لگ گئی اور جب وہ چلنی شروع ہوئی تو گھنٹے گزر گئے۔ لائن ختم ہونے کو نہیں آ رہی۔ ایک گھنٹہ۔ دو گھنٹے۔ پھر نہ جانے کتنے اور اندر جھانکنا تو ناممکن لیکن تصور کر سکا کہ ایک ہاتھ پر شفقت ہاتھ نے سب ہاتھوں کو سنبھالا بچوں کو چاکلیٹ بھی ملے اور ان کے اشتیاق علم کو بڑھانے کو قلم بھی۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ محبت کا یہ کارواں چلتا ہی چلا جائے گا۔ مگر آج خواتین کی باری آئی۔ پھر ایک اور لمبی قطار۔ یوں معلوم دے کہ نہ ختم ہونے والی۔ اب کے حضور کے ہاتھوں کو تو قدرے آرام ملے گا مگر شفقت و کرم کی بارش تو رک نہیں سکتی۔ بچے چاکلیٹ کے منتظر اور ملنے پہ خوش۔ مستورات بھی شاداں اور بچے تو نہال۔ ہر ایک چہرے پہ اطمینان کی کیفیت۔ یوں معلوم دے کہ جس مقصد کے لئے اتنی دور سے آئے وہ حاصل ہوا۔ یہ تو تھی ایک روز کی بات اب کچھ حال باقی دنوں کا۔ حضور کا روز کا پروگرام ملاحظہ کیجئے۔

سارا پروگرام تو مجھے معلوم نہیں۔ پس اتنا جانتا ہوں کہ فجر پونے پانچ بجے ہوتی۔ حضور کی زیارت بھی ہو جاتی۔ پھر ظہر وعصر میں دید کے مشتاق پروانے آپ کے منتظر ہوتے نہ جانے درمیان میں کیا کیا کام ہوتے ہوں گے۔ مغرب وعشاء بھی آپ پڑھا رہے ہیں۔ درمیان میں کئی میٹنگیں۔ کتنی ڈاک اور متفرق کام۔ یہ مغرب وعشاء ہو رہی ہیں رات کے سوا نو بجے۔ مگر آج تو کئی نوجوان اگلی صفیں سنبھالے بیٹھے ہیں۔ چہروں پہ اشتیاق۔ آنکھوں میں امید۔ ایک اچھے مستقبل کی نوید۔ آج یہ زندگی کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ چند ہی لمحوں میں نکاح کے بندھن میں بندھ جائیں گے۔ اور پھولے نہیں سما رہے اس بات پر کہ امام وقت ان کا نکاح پڑھیں گے۔ آج کی رات چودہ نوجوان نئی منزل پا رہے ہیں۔ چودہ نکاح پڑھائے جا رہے ہیں۔ رات کے گیارہ بج گئے۔ ابھی تک تو آدھے ہی نئی منزل میں داخل ہو سکے۔ مجھ میں تو مزید بیٹھنے کی سکت نہ رہی۔ مگر وہ جو نکاح پڑھا رہے ہیں ان کی آواز مسلسل آ رہی ہے۔ اس میں وہی محبت کا انداز جھلکتا ہوا۔ پیار کی خوشبو بسی ہوئی۔ یہ تو ہوا نوجوانوں کو زندگی کی نئی منزل میں داخل ہونے پر حضور کی طرف سے دعاؤں کا تحفہ۔ مگر ایک روز وہ بھی حاضر ہوگئے جو اپنی زندگی کا سفر پورا کر چکے۔ خوش قسمت وہ بھی جن کا جنازہ آپ نے پڑھایا۔ پھر ایک رات، بلکہ دو راتیں بچوں کی سرپرستی اسی طرح فرمائی کہ وہ جو زندگی کی ایسی منزل میں داخل ہو رہے تھے کہ کلام الٰہی سے رابطہ ہو رہا ہے ان کی آمین میں شریک ہوئے۔ کوئی ساٹھ بچے اور دوسری رات اتنی ہی بچیاں اور ان کی آمین کی تقریب۔ یہ سب خوش قسمت کہ انہیں دعا کا تحفہ مل رہا ہے۔ پھر ایک روز میدان نوجوانوں اور بزرگوں سے پُر۔ آج سارے ملک کے ساتھ کینیڈا ڈے منایا جا رہا ہے۔ احمدی بھی تو اس ملک کے محبّ وطن باسی ٹھہرے۔ انہوں نے بھی یہ دن منانے کا پروگرام ترتیب دیا۔ تقریریں (ایک ننھی بچی نے بڑی خوبصورت تقریر کی)۔ کھیلیں، پریڈ، سلامی، سبھی کچھ پروگرام میں شامل اور حضور موجود۔ پاس کے گھروں سے جھانکتے ہوئے مکینوں نے دیکھا کہ آپ اپنی رہائش گاہ سے پیدل تشریف لا رہے ہیں۔ اسی طرح ایک روز ایک ہجوم سا نظر آیا۔ غور سے دیکھا تو میر کارواں یہاں بھی موجود۔ الغرض حضور کی مصروفیات کچھ ایسی کہ سب کا بیاں مشکل۔ ہاں! ایک روز ہم سب عشاء کے لئے آپ کے منتظر بیٹھے ہیں۔ وقت گزرتا جا رہا ہے۔ آج حضور لیٹ کیسے ہوگئے۔ معلوم ہوا کہ صبح آٹوا تشریف لے گئے۔ کینیڈا کے وزیر اعظم سے آپ کی ملاقات تھی اور خاصی طویل ملاقات۔ شام کو واپس آ رہے ہیں مگر جہاز لیٹ ہوگیا اس کے باوجود خود پڑھائی۔

الغرض کیا سہانے تھے وہ دن اور کتنی برکت والی تھیں وہ راتیں۔ ہمیں ہر روز .... حضور کی اقتدا میں پڑھنے کی سعادت ملی۔ دن میں کئی بار زیارت ہوئی۔ اور وہ دن تو یادگار رہے گا جب آپ سے تفصیلی ملاقات ہوئی۔ مگر کب تک ان سہانے دنوں کا ذکر کرتا جاؤں۔ یادیں دل پہ نقش اور ایک سرور حاصل۔ مگر ختم کرنے سے پہلے ایک بات ضرور کہہ دوں۔ کینیڈا والو! آپ کو مبارک ہو کہ حضور انور نے آپ کی محبت اور آپ کے اخلاص کو سراہا۔ خوش قسمت ہیں آپ لوگ کہ آپ نے یہ انعام پایا۔ اس سے اچھا تحفہ کیا مل سکتا تھا۔ اسے سینہ پہ سجائیے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیجئے۔ اللہ کرے ایسا موقعہ آپ کو پھر ملے اور ہمیں بھی مل جائے۔

آنکھ کی چوٹ

آنکھ کی معمولی چوٹوں کا علاج تو آنکھ کو پانی میں چند لمحے ڈبو کر اس کی صفائی کرنے سے ممکن ہے۔ لیکن اگر چوٹ شدید ہو تو طبی امداد حاصل کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ اگر کبھی آپ کے بچے کی آنکھ میں چوٹ آ جائے تو بہتر یہی ہے کہ آپ فوراً طبی امداد حاصل کر لیں۔

اگر ریت یا دھول کے ذرے آنکھ میں پڑ جائیں تو انہیں پانی سے دھو کر نکالنے کی کوشش کریں۔ کوئی اور طریقہ ہرگز استعمال نہ کریں، کیونکہ اس میں آنکھوں پر خصوصاً کارنیا پر خراشیں پڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ آنکھوں کا معائنہ یا اس کو پانی سے دھونا شروع کرنے سے پہلے اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھو لیں۔ آنکھوں کو نہ تو دبائیں اور نہ ملیں۔ بچے کو بھی ایسا کرنے سے روکیں۔ کسی برتن میں پانی بھر کر بچے کو اس پر اپنا سر یوں جھکانے کو کہیں کہ متاثرہ آنکھ پانی میں ڈوب جائے۔ بچے کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں جتنی زیادہ ممکن ہو کھلی رکھے اور اس کی نچلی پلک کو آہستہ سے نیچے کی طرف کھینچے۔ پانی بہت ہی ہلکا گرم ہو تو بہتر ہے۔ ہر پانچ منٹ بعد آنکھ کو دیکھیں کہ آنکھوں میں گھسنے والا ذرہ نکل گیا یا نہیں۔ زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ تک ذرہ نکل جانا چاہئے۔ چونکہ مٹی یا ریت کا ذرہ آنکھوں پر خراش ڈال سکتا ہے۔ اس لیے اگر اس کے نکل جانے کے بعد بھی جلن باقی رہے تو معالج کو ضرور دکھائیں۔ اگر آپ خود اس طریقے سے ذرے کو نکالنے میں کامیاب نہ ہو سکیں تو پھر معالج سے مدد حاصل کریں۔

بعض اوقات اڑ کر آنکھ میں پڑ جانے والے ذرے آنکھ کے ڈھیلے کے اندر دھنس جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں طبی امداد حاصل کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ اس امداد کے آنے تک متاثرہ آنکھ کو ڈھانک کر رکھیں۔ اگر آنکھ کے اندر دھنس جانے والی چیز چھوٹی ہو تو پٹی باندھی جا سکتی ہے۔ لیکن اگر یہ بڑی ہو تو پلاسٹک کا پیالی نما کور ٹیپ کی مدد سے چپکا کر رکھیں۔ مقصد یہ ہے کہ آنکھ کے ڈھیلے پر کسی طرح کا دباؤ نہ پڑے۔ جب تک طبی امداد نہ آ جائے، بچے کو سکون سے رکھیں اور خود بھی بے چین نہ ہوں۔

کبھی کبھی آنکھوں میں کیمیکل پڑ جاتا ہے۔ ہر طرح کا کیمیکل جن میں وہ کیمیائی اشیاء بھی شامل ہیں جو گھروں میں عام استعمال ہوتی ہیں، آنکھوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اگر کسی بچے کی آنکھ میں کوئی کیمیکل پڑ جائے تو فوراً ہلکے سے گرم پانی سے اس طرح دھوئیں جیسے اوپر بیان کیا گیا ہے اور معالج سے رابطہ کریں۔

(ماہنامہ ہمدرد صحت کراچی مارچ 2005ء)

وقت سے بہت پہلے

محترم عبدالرحیم خان صاحب افغان درویش قادیان نہایت خاموش طبع اور تنہائی پسند انسان تھے۔ نمازیں اور ذکر الٰہی ہی ان کا مشغلہ رہا۔ نماز کے وقت سے بہت پہلے بیت الذکر پہنچ جاتے اور ذکر الٰہی کرتے رہتے۔

(وہ پھول جو مرجھا گئے حصہ اول ص 93)

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

سونامی کے محرکات اور بنی نوع انسان کے لئے لمحہ فکریہ

سونامی (Tsunami) نے ایشیا میں جو تباہی مچائی ہے اس نے ساری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ سونامی ایک جاپانی لفظ ہے جس کا معنی بعض انگریزی ڈکشنریوں میں یہ لکھا ہوا ہے

Long high sea wave caused by under water earthquakes etc.

یعنی طویل اونچی سمندری لہر جو پانی کے نیچے زلزلے وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جاپانی زبان میں سونامی کہلاتی ہے۔ ملائشیا کے قریب اس کا منبع اور مرکز (Epicentre) بتایا جاتا ہے اور یہ سمندری لہریں 500 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تباہی مچاتی ہوئی صرف ایک گھنٹے میں انڈونیشیا پہنچیں دوسرے سائیکل میں آگے بڑھ کر انہوں نے اگلے ایک گھنٹے میں سری لنکا کو اپنی لپیٹ میں لیا اور ہندوستان کے جنوبی ساحل تک پہنچی تیسرے گھنٹے میں اور آگے بڑھ کر مالدیپ کو اپنی لپیٹ میں لیا جس کا زور پھر ہندوستان کے جنوبی ساحل پر جا کر رکا۔ چوتھے اور پانچویں راؤنڈ میں آگے بڑھ کر پھر ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے ہندوستان کے جنوبی ساحل تک گئی اور چھٹے سائیکل میں براعظم افریقہ میں صومالیہ تک جا پہنچی اس طرح 5000 کلومیٹر کا فاصلہ اس نے صرف چھ گھنٹوں میں طے کیا اور 500 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے یہ لہریں ایشیا میں تباہی مچاتی چھ گھنٹوں میں براعظم افریقہ تک جا پہنچیں۔

کرہ زمین کی اندرونی تہیں

کرہ زمین اندر سے تین تہوں (Layers) پر مشتمل ہے۔ زمین کی بیرونی تہہ چھلکے کی طرح 6 کلو میٹر سے 40 کلومیٹر تک موٹی ہے جسے انگریزی میں کرسٹ (Crust) کہتے ہیں۔ اس کے نیچے زمین کا (Mantle) مینٹل کہلاتا ہے جو 3000 کلومیٹر گہرائی تک جاتا ہے درمیان میں زمین کا کور (Core) ہے۔

کرۂ زمین کا کرسٹ (Crust) بڑی بڑی پلیٹوں میں بٹا ہوا ہے جو آپس میں جڑی ہوئی ہیں اور نیچے کی تہہ میں موجود نیم پگھلے ہوئے پتھروں (Semi-Molten Rock) پر تیرتی رہتی ہیں۔ ان پلیٹوں کی باؤنڈری پر زلزلوں اور آتش فشاں کی کارکردگی نمایاں طور پر ہوتی رہتی ہے۔ ان پلیٹوں کی آگے تین اقسام ہیں Diverging Plates اور Converging Plates اور Shearing

Plates کرسٹ کی پلیٹوں کے ٹوٹے ہوئے حصوں میں آتش فشاں پھوٹتے رہتے ہیں اور سمندر کی تہہ میں جب آتش فشاں پھٹتا ہے یا پلیٹوں کی حرکت سے زلزلہ پیدا ہوتا ہے تو سمندر کے پانی کی موجوں میں تہلکہ مچ جاتا ہے اور اس سے سمندر کا پانی نہایت تیز رفتاری اور کئی کلومیٹر موٹی لہروں کی شکل میں طوفان کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اسی قسم کا واقعہ اس سونامی کا باعث بنتا ہے اور بحر ہند میں اس کا منبع یا مرکز جسے انگریزی میں اپی سینٹر (Epicentre) کہتے ہیں ملائشیا کے قریب بتایا جاتا ہے۔

ناگہانی آفات کی خبریں

اس کی سائنسی وجوہات کچھ بھی ہوں۔ آخری زمانہ میں زلزلوں اور ناگہانی آفات کی خبریں کثرت سے ملتی ہیں حضرت بانی سلسلہ کے علم کلام میں بھی کئی مکاشفات اور الہامات کا ذکر ہے جس سے ان آخری دنوں میں آفاقی قضاء وقدر کا بڑی تفصیل سے ذکر ملتا ہے آپ فرماتے ہیں۔

’’میں شہروں کو گرتے دیکھتا ہوں اور آبادیوں کو ویران پاتا ہوں وہ واحد یگانہ ایک مدت تک خاموش رہا اور اس کی آنکھوں کے سامنے مکروہ کام کئے گئے اور وہ چپ رہا مگر اب وہ ہیبت کے ساتھ اپنا چہرہ دکھلائے گا جس کے کان سننے کے ہوں سنے کہ وہ وقت دور نہیں۔ میں نے کوشش کی کہ خدا کی امان کے نیچے سب کو جمع کروں پر ضرور تھا کہ تقدیر کے نوشتے پورے ہوتے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس ملک کی نوبت بھی قریب آتی جاتی ہے نوحؑ کا زمانہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آ جائے گا اور لوطؑ کی زمین کا واقعہ تم بچشم خود دیکھ لو گے مگر خدا غضب میں دھیما ہے توبہ کرو تا تم پر رحم کیا جائے جو خدا کو چھوڑتا ہے وہ ایک کیڑا ہے نہ کہ آدمی اور جو اس سے نہیں ڈرتا وہ مردہ ہے نہ کہ زندہ‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 269)

آپ نے اپنی وصیت میں بھی آخری زمانہ میں آفات سماوی کے نزول سے متنبہ کیا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ

’’کیونکہ گناہ حد سے بڑھ گیا اور انسان حد سے زیادہ دنیا سے پیار کر رہے ہیں اور خدا کی راہ تحقیر کی نظر سے دیکھی جاتی ہے‘‘

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 315)

یہی باتیں آج ساری دنیا کر رہی ہے کہ یہ عذاب کثرت گناہ اور خدا سے دوری کی وجہ سے آیا ہے آپ کو جو غیبی خبریں ملیں ان کا کثرت کے ساتھ آپ نے براہین احمدیہ حصہ اول تا چہارم میں ذکر کیا ہے اور ان میں سے بعض کے پورے ہونے کا ذکر حصہ پنجم میں کیا ہے۔

ایک غیبی خبر ان الفاظ میں ہے :

عفت الدیار محلھا ومقامھا جس کی وضاحت آپ نے خود ہی فرمائی کہ اور سخت تباہی آئے گی اور عمارات نابود ہو جائیں گی اور بستیاں کالعدم ہو جائیں گی ایسے حادثات اچانک ہوں گے فرمایا

’’خدا فرماتا ہے کہ میں مخفی طور پر آؤں گا اور میں ایسے وقت میں آؤں گا کہ کسی کو بھی اطلاع نہیں ہوگی یعنی لوگ اپنے دنیا کے کاروبار میں سرگرمی اور اطمینان سے مشغول ہوں گے کہ یکدفعہ وہ آفت نازل ہوگی۔‘‘

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 21 ص 254)

چنانچہ سونامی نے چند گھنٹوں میں دنیا کے ایک حصے کو تباہ کر کے رکھ دیا۔

پھر حضرت بانی سلسلہ فرماتے ہیں۔

’’یہ بڑی بے وقوفی ہے کہ انسان اس حکیم مطلق کے اصل اغراض کو نظر انداز کر دے اور صرف طبیعات کے سلسلہ تک تمام کاروبار اس ذات جامع الکمالات کا بغیر کسی مطلب اور مقصد اور غرض مطلوب کے محدود سمجھے۔ یہ خود ظاہر ہے کہ وہ ذات مدبر بالارادہ اور متصرف بالقصد ہے جس کے تمام کام عمیق در عمیق اسرار اپنے اندر رکھتے ہیں کیا یہ دونوں باتیں ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتیں کہ اس عالم میں جو کچھ امر خیر یا شر منصۂ ظہور میں آتا ہے وہ علوم طبعیہ اور نظامات حکمیہ کے سلسلہ کے نیچے نیچے ہی چلتا ہو اور اسباب معتادہ سے وابستہ ہو اور بایں ہمہ اس مدبر بالارادہ نے اس امر کے ظاہر کرنے سے خاص خاص مقاصد اور اغراض بھی اپنے علم میں مقرر کر رکھے ہوں۔ اگر ایسا نہ مانا جائے تو پھر خدا تعالیٰ کا وجود نعوذ باللہ عبث اور اس کے افعال محض بے ہودہ ہوں گے لہٰذا یہی سچا فلسفہ اور واقعی دقیقۂ حکمت ہے کہ یہ تمام تغیرات ارضی و سماوی خدا تعالیٰ کے ہاتھ سے علمی سلسلوں کے رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں اور بایں ہمہ ان کا پیدا کرنا اور مٹانا اغراض مطلوبہ کے لئے خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 330)

دن بہت ہیں سخت اور خوف و خطر درپیش ہے
پر یہی ہیں دوستو اس یار کے پانے کے دن

حضرت بانی سلسلہ نے جہاں حوادث کے بارے میں پیشگوئیاں فرمائی ہیں وہاں فرمایا ہے کہ جو لوگ توبہ کریں گے اور تقویٰ کی راہ اختیار کریں گے وہ امن



میں رہیں گے اور پھر اس مضمون کو قدرت ثانیہ اور نظام وصیت کے ساتھ باندھ دیا کیونکہ خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے ایک ڈھال کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ ہے نظام قدرت ثانیہ اور مجاہدہ بھی اس کے ساتھ ضروری ہے اور بڑا مجاہدہ یہی ہے کہ خدا کی راہ میں اسی کے دیئے ہوئے مال اور جائیداد کا ایک مخصوص حصہ اشاعت حق کے لئے وقف کیا جائے جس کے لئے نظام وصیت جاری کیا گیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

''حوادث کے بارے میں جو مجھے علم دیا گیا ہے وہ یہی ہے کہ ہر ایک طرف دنیا میں موت اپنا دامن پھیلائے گی اور زلزلے آئیں گے اور شدت سے آئیں گے اور قیامت کا نمونہ ہوں گے اور زمین کو تہہ وبالا کردیں گے اور بہتوں کی زندگی تلخ ہوجائے گی پھر وہ جو توبہ کریں گے اور گناہوں سے دستکش ہو جائیں گے خدا ان پر رحم کرے گا جیسا کہ ہر ایک نبی نے اس زمانہ کی خبر دی تھی ضرور ہے کہ وہ سب کچھ واقع ہو لیکن وہ جو اپنے دلوں کو درست کرلیں گے اور ان راہوں کو اختیار کریں گے جو خدا کو پسند ہیں ان کو کچھ خوف نہیں اور نہ کچھ غم''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 302)

پھر فرمایا ''اور آئندہ زلزلہ کی نسبت جو ایک سخت زلزلہ ہوگا مجھے خبر دی اور پھر فرمایا بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی اس لئے ایک شدید زلزلہ کا آنا ضروری ہے لیکن راست باز اس سے امن میں ہیں۔ سو راست باز بنو! اور تقویٰ اختیار کرو! تا بچ جاؤ آج خدا سے ڈرو تا اس دن کے ڈر سے امن میں رہو ضرور ہے کہ آسمان کچھ دکھلاوے اور زمین کچھ ظاہر کرے لیکن خدا سے ڈرنے والے بچائے جائیں گے خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی کچھ تو ان میں سے میری زندگی میں ظہور میں آجائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد.......... اور چاہئے کہ جماعت کے بزرگ جو نفس پاک رکھتے ہیں میرے نام پر میرے بعد لوگوں سے بیعت لیں اس جگہ یہ امر اور قابل تذکرہ ہے جیسا کہ میں پہلے بیان کرچکا ہوں کہ خدا نے مجھے میری وفات سے اطلاع دی ہے.......... مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے.......... اور پھر ایک جگہ مجھے قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔

(رسالہ الوصیت)

☆☆☆

مکرم وسیم احمد ظفر صاحب۔ مربی سلسلہ

جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ برازیل

اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ جماعت احمدیہ برازیل کو مورخہ 24,23 اپریل 2005ء کو اپنا مسلسل بارہواں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ جلسہ بہت کامیاب رہا اور باوجود لوکل ممبران کم تعداد میں ہیں رونق رہی اور بہت سے غیر از جماعت افراد کو اس جلسہ میں شمولیت کی توفیق ملی۔

جلسہ سالانہ کی تیاریوں کا آغاز کچھ عرصہ پہلے شروع ہوگیا تھا۔ ایک دعوت نامہ تیار کرکے تقریباً 150 کی تعداد میں ڈاک کے ذریعہ اور 350 کی تعداد میں انفرادی طور پر تقسیم کیا گیا۔ علاوہ ازیں بہت سے افراد کو زبانی۔ بذریعہ فون اور بذریعہ ای میل بھی دعوت دی گئی اور بار بار یاد دہانی بھی کروائی جاتی رہی۔ دستی دعوت نامے دینے کا یہ بھی فائدہ ہوتا رہا کہ کسی قدر تفصیلی اور بعض اوقات زیادہ گہرائی اور دلچسپی کے ساتھ گفتگو کا موقع مل جاتا تھا اور پھر سوال و جواب کے ذریعہ ان کے شکوک کا ازالہ کرنے کی بھی توفیق مل جاتی تھی۔

ان روابط کے علاوہ اخباری روابط سے بھی فائدہ اٹھایا گیا۔ چنانچہ جلسہ سالانہ سے قبل اپنے شہر Petropolis کے دو اخباروں کو انٹرویو دیا چنانچہ دونوں نے Diario de Petropolis اور Tribuna de Petropolis نے جماعت کے تعارف کے ساتھ خبریں دیں۔ اسی طرح ایک دوسرے شہر Teresopolis کی ایک اخبار Gazeta de Teresopolis اور ایک اور اخبار Jornal de Teresopolis نے بھی انٹرویوز کے بعد خبریں دیں اسی طرح ایک تیسرے شہر Nova Friburgo کی ایک مین اخبار نے بہت تفصیل کے ساتھ قریباً نصف صفحہ کی خبری دی اور احمدیت کا تعارف کروایا۔ اسی طرح جلسہ سالانہ کے بعد ہمارے شہر کے ایک اخبار نے جلسہ کی کارروائی پر مبنی رپورٹ تصویروں کے ساتھ شائع کی۔

امسال بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے لنگر خانہ جاری کیا گیا اور سب مہمانوں کے لئے کھانا مشن ہاؤس میں ہی تیار کیا گیا۔

امسال روچسٹر امریکہ سے مکرم ظریف احمد صاحب تشریف لائے اور ہمارے جلسہ میں شرکت کی اس طرح سے ایک ملک کی نمائندگی بھی ہوگئی۔

جلسہ سالانہ پر ہمیشہ ایک نمائش کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔ اس میں کلام اللہ کے تراجم و دیگر متفرق لٹریچر، فوٹوز، چارٹ وغیرہ کی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستانی کلچر سے متعلق بھی ایک دلچسپ نمائش کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں کپڑے، جوتیاں، ڈیکوریشن کا سامان، ڈاک ٹکٹ، جیولری، فوٹوز اور بہت چیزیں رکھی جاتی ہیں اس میں بھی کافی لوگ دلچسپی لیتے ہیں۔ امسال اس کی تیاری میں مکرم عبدالرشید صاحب مکرم مبارک احمد معین صاحب، مکرم ندیم احمد طاہر صاحب اور اعجاز احمد مظفر نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

ماحول کی صفائی کے لئے وقار عمل بھی ہوتے رہے۔ جہاں پینٹ ضروری تھا وہاں پینٹ بھی کیا گیا۔ نیز جہاں جلسہ سالانہ ہوتا ہے اس کمرہ اور ملحقہ کمرہ کو جھنڈیوں سے بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ مختلف قسم کے بینرز بھی لگائے گئے تھے۔ سامنے سٹیج کی طرف جماعت اور برازیل کے جھنڈے بھی لگائے گئے تھے اور حضرت بانی سلسلہ کی بڑی تصویر بھی آویزاں کی گئی تھی۔

